# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday the June 20, 2025
(351st Session)
Volume VII, No.07
(Nos. 01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume VII SP.VII (07)/2025
No.07 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ... 1
2. Leave of Absence ... 2
3. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Articles 1, 51, 140A, 160, 51, 59, 106, 154, 175A, 198, 218 & 62 and Family Courts (Amendment) Bill, 2024 ... 2
4. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Railways on a Starred Question regarding the outsourcing of luggage vans by Pakistan Railways during the last three years ... 3
5. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2025 ... 4
6. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination regarding the Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024 ... 5
7. Motion Under Rule 194 (1) moved by Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training regarding the University of Business, Sciences and Technology Bill, 2025 ... 6
8. Presentation of Report of the Functional Committee on Government Assurances on a starred question regarding the dilapidated condition of Peshawar-Islamabad Motorway (M-1) at a number of places ... 6
9. Presentation of Report of the Functional Committee on Government Assurances on a starred question regarding the time scale promotion of female teachers working under the Federal Directorate of Education ... 7
10. Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on a point of public importance regarding alleged corruption and mismanagement in Pakistan Nursing Council ... 7
11. Further discussion on Finance Bill, 2025-26 ... 8
    - *Senator Shahadat Awan ... 8*
    - *Senator Kamil Ali Agha ... 11*
12. Resolution moved by Senator Atta-ur-Rehman regarding a large number of MBBS graduates failing Medical Officers exam in Khyber Pakhtunkhwa ... 12
13. Point of Public Importance Raised by Senator Danesh Kumar regarding abduction and forced abduction and forced conversion of Hindu girls in Distt. Sangarh, Sindh. ... 12
    - *Senator Syed Waqar Mehdi ... 14*
    - *Senator Raja Nasir Abbas ... 14*
    - *Senator Khalil Tahir ... 17*
    - *Senator Atta-ur-Rehman ... 21*
14. Point of Public Importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding the fatalities due to heavy traffic accidents in Karachi ... 25
    - *Senator Syed Waqar Mehdi ... 26*
15. Further discussion on the Finance Bill, 2025-26 ... 27
    - *Senator Jan Muhammad ... 27*
    - *Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justices ... 32*

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES
Friday, the June 20, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty minutes past eleven in the morning with Mr. Deputy Chairman (Mr. Syedaal Khan) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ سَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ
لِلْمُتَّقِیْنَ ۝۱۳۳ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَ الْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَ الْعَافِیْنَ
عَنِ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۳۴ وَ الَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَ مَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۟ۙ وَ لَمْ یُصِرُّوْا عَلٰى
مَا فَعَلُوْا وَ هُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝۱۳۵

ترجمہ: اور اپنے رب کی بخشش کی طرف دوڑو اور بہشت کی طرف جس کا عرض آسمان اور زمین ہے جو پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے جو خوشی اور تکلیف میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ ضبط کرنے والے ہیں اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور وہ لوگ جب کوئی کھلا گناہ کر بیٹھیں یا اپنے حق میں ظلم کریں تو اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں سے بخشش مانگتے ہیں اور سوائے اللہ کے اور کون گناہ بخشنے والا ہے اور اپنے کئے پر وہ اڑتے نہیں اور جانتے ہیں۔

سورۃ آل عمران (آیات ۱۳۳تا۱۳۵)

**<u>Leave of Absence</u>**

جناب ڈپٹی چیئرمین: جزاک اللہ۔ اب ہم چھٹی کی درخواستیں لیتے ہیں، آرڈر نمبر 1(a).
سینیٹر دوست محمد خان صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 17 اور 18 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آرڈر نمبر 2۔ سینیٹر فاروق حامد نائیک، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف آرڈر نمبر 2 پیش کریں۔ جی شہادت اعوان صاحب۔ جی، سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

**<u>Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Articles 1, 51, 140A, 160, 51, 59, 106, 154, 175A, 198, 218 & 62 and Family Courts (Amendment) Bill, 2024</u>**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of reports of the Committee on the following Bills, may be extended for a period of sixty days with effect from 30th June, 2025:-

(i) The Constitution (Amendment) Bill, 2024 **(Amendment of Article 51)** introduced by Senators Manzoor Ahmed and Danesh Kumar on 1st January, 2024;

(ii) The Constitution (Amendment) Bill, 2024 **(Substitution of Article 140A and amendment of Article 160)** introduced by Senator Khalida Ateeb on 26th February, 2024;

(iii) The Constitution (Amendment) Bill, 2024 **(Amendment of Articles 1, 51, 59, 106, 154, 175A, 198 and 218)** introduced by Senator Aon Abbas on 10th June, 2024;

(iv) The Constitution (Amendment) Bill, 2024 **(Amendment of Article 62)** introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 9th September, 204; and

(v) The Family Courts (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 9th September, 2024.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئ)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.3 سینیٹر جام سیف اللہ خان، چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے ریلویز Order No.3 پیش کریں۔ جی، سینیٹر دوست علی جیسر صاحب۔

**<u>Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Railways on a Starred Question regarding the outsourcing of luggage vans by Pakistan Railways during the last three years</u>**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of the Chairman, Standing Committee on Railways to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 58, asked by Senator Qurat-Ul-Ain Marri, on 18th February, 2025, regarding outsourcing of luggage vans by Pakistan Railways during the last three years, including details of arrangements and stakeholders, year-wise revenue comparison between outsourced and directly operated

vans, and information on any proposals to enhance operational efficiency and earnings, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th June, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.4 سینیٹر امیر ولی الدین چشتی، چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈی نیشن، آپ Order No.4 پیش کریں۔ جی، سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

## Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2025

Senator Syed Masroor Ahsan: I, Senator Syed Masroor Ahsan, on behalf of Senator Amir Waliuddin Chishti Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Islamabad Healthcare Regulations (Amendment) Bill, 2025, introduced by Senator Mohsin Aziz, on 20th January, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 24th June, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.5 سینیٹر شیری رحمان: صاحبہ، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی رابطہ_Order No.5 پیش کریں۔ جی، سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

**Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination regarding the Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, on behalf of the Senator Sherry Rehman Chairperson, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Shahadat Awan on 17th February, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 17th June, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.6 سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت Order No.6 پیش کریں۔ جی۔

**Motion Under Rule 194 (1) moved by Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training regarding the University of Business, Sciences and Technology Bill, 2025**

Senator Bushra Anjum Butt: Thank you Mr. Chairman. I, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the University of Business, Sciences and Technology Bill, 2025, introduced by Senator Abdul Shakoor Khan on 17th February, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th June, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔اب میں تحریک ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.7 کے لیے درخواست کی گئی ہے کہ اسے defer کیا جائے۔ Order No.8. سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں Order No.8 پیش کریں۔

**Presentation of Report of the Functional Committee on Government Assurances on a starred question regarding the dilapidated condition of Peshawar-Islamabad Motorway (M-1) at a number of places**

سینیٹر عبدالشکور خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، 3جون، 2022 کو سینیٹ کے منعقدہ اجلاس میں سینیٹر بہرہ مند خان تنگی کی جانب سے پوچھے گئے نشان دار سوال نمبر 55 جو کہ پشاور-اسلام آباد موٹروے (ایم-1) کی

متعدد مقامات پر خستہ حالی سے متعلق تھا، پر وزیر برائے مواصلات کی جانب سے کرائی گئی یقین دہانی پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی۔ Order No.9, سینیٹر عبدالشکور خان صاحب۔

**Presentation of Report of the Functional Committee on Government Assurances on a starred question regarding the time scale promotion of female teachers working under the Federal Directorate of Education**

سینیٹر عبدالشکور خان: شکریہ، میں سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، 3جون، 2022 کو سینیٹ کے منعقدہ اجلاس میں سینیٹر کامران مرتضیٰ کی جانب سے پوچھے گئے نشان دار سوال نمبر 74 جو کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے ماتحت کام کرنے والی خواتین اساتذہ کو ٹائم سکیل کے تحت ترقی دینے سے متعلق تھا، پر وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی جانب سے کرائی گئی یقین دہانی پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی۔ Order No.10 سینیٹر امیر ولی الدین چشتی صاحب، Order No.10 پیش کریں۔ جی مسرور احسن صاحب آپ پیش کر دیں۔

**Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on a point of public importance regarding alleged corruption and mismanagement in Pakistan Nursing Council**

Senator Syed Masroor Ahsan: I, Senator Syed Masroor Ahsan, on behalf of Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination to present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Hidayatullah Khan, on 11th March, 2025, regarding alleged corruption and mismanagement in Pakistan Nursing Council.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ Order No.11 سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیر برائے خزانہ اور ریونیو کی جانب سے 10جون، 2025 کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر مزید غور۔ جی شہادت اعوان صاحب۔

**Further discussion on Finance Bill, 2025-26**

**Senator Shahadat Awan**

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! بجٹ کے حوالے سے میں پہلے گزارشات کر چکا ہوں لیکن میں آپ کے توسط سے ایوان کے سامنے ایک بات رکھنا چاہتا ہوں کہ یہ اتفاق ہے کہ حکومت کا کوئی آدمی موجود نہیں ہے جو یہ چیز note کر سکے۔ میرا کہنا یہ ہے کہ اس بجٹ میں، چونکہ یہ پورے پاکستان کو معلوم ہے کہ حکومت نے downsizing and rightsizing کے لیے بہت سے محکمے ختم کیے۔ گو کہ میں اپنی تقریر میں بھی یہ کہہ چکا ہوں کہ پچھلے ایک سال میں مختلف قانون سازیوں کے تحت بہت سی authorities and agencies بنا دی گئی ہیں جسے قول و فعل کا تضاد کہا جا سکتا ہے۔ PWD کا محکمہ ختم کیا گیا اور PSDP کے تحت جو چاروں صوبوں میں مختلف منصوبے تھے وہ ان صوبوں کو دے دیئے گئے لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ سندھ سے متعلق جو ہماری 22 PSDP schemes تھیں وہ وفاقی حکومت نے اپنے پاس رکھی ہیں جو کہ انتہائی discrimination ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبوں کے ساتھ تفریق کی گئی ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ جس طریقے سے آپ نے باقی صوبوں کو PSDP کی schemes دی ہیں اسی طریقے سے سندھ کی جو schemes ہیں وہ بھی سندھ کو دی جائیں اور ان کا فنڈ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کی بجائے ایک ہی ساتھ وہ فنڈ دیا جائے اگر حکومت واقعی وہاں پر sincere ہے کہ وہاں پر ترقیاتی کام کیے جائیں۔

جناب چیئرمین! چونکہ معزز Leader of the Opposition کھڑے ہو گئے ہیں تو میرے خیال میں ان کا استحقاق ہے، اس کے بعد مجھے اجازت دیجیئے گا یا ابھی اجازت دیتے ہیں تو میں اپنی بات مکمل کر لوں۔ جیسے شبلی فراز صاحب کا حکم ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کی بڑی مہربانی۔ میں صرف آپ کی بات کو آگے بڑھانا چاہتا ہوں کہ اس وقت آپ جو بھی بات کر رہے ہیں وہ صرف اس ایوان میں گونج رہی ہے اور اس سے آگے

نہیں جا رہی۔ کم از کم یہ تو ہونا چاہیے کہ حکومتی benches پر کوئی نہ کوئی تو representative ہونا چاہیے جو کہ اس وقت کوئی نہیں ہے۔ اس سے یہی ظاہر ہے کہ یہ اس ایوان کو کوئی اہمیت نہیں دیتے ہیں، یہاں جو بھی تجاویز دی جا رہی ہیں، جو باتیں ہمارے colleagues یہاں پر اٹھا رہے ہیں چاہے وہ اس طرف سے ہوں یا اس طرف سے ہوں۔ ہم اس وقت تک walkout کرتے ہیں جس وقت تک حکومت کا کوئی وزیر ایوان میں نہیں آتا۔

(اس موقع پر PTI کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میری گزارش یہ تھی کہ اگر کہیں حکومت کو میری یہ آواز جا رہی ہے تو میرا کہنا یہ ہے کہ یہ Federation ہے اور پوری Federation کے ساتھ مساوی سلوک کرنا چاہیے، یہ نہ ہو کہ تین صوبوں کے ساتھ آپ کا رویہ کچھ اور ہو اور سندھ کے ساتھ آپ کا رویہ کچھ اور ہو۔ سب سے بڑی اور اہم بات یہ ہے کہ اگر دیکھا جائے کہ اس PSDP کے اندر گو کہ ہم نے بارہا مرتبہ یہ گزارش کی ہے کہ اصول یہ ہے کہ اگر آپ موٹروے بناتے ہیں تو آپ کو port کے علاقے سے موٹروے شروع کرنی چاہیے لیکن موجودہ حکومت جب بھی اقتدار میں تھی تو انہوں نے الٹا کام شروع کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہمارا سکھر سے حیدرآباد موٹروے نہیں بن سکا، ہمارا M-6 and M-9 نہیں ہو سکا اور جتنا بھی بجٹ اس کے لیے رکھا گیا میں سمجھتا ہوں وہ بہت کم ہے۔ لگتا یہ ہے کہ یہ حکومت sincere نہیں ہے کہ سندھ کے اندر بھی موٹروے کامیاب ہو اور وہاں پر اس پر کام کیا جا سکے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ آپ کے سامنے میں ایک بات کرنا چاہوں گا کہ آپ دیکھ لیں کہ اس وقت الحمدللہ پاکستان بہت آگے جا چکا ہے، پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا ہو چکا ہے اور میں یہ توقع کرتا ہوں کہ اگر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر بجٹ بنایا جائے اور غریب عوام کی دادرسی کی جائے تو ہم آگے جا سکتے ہیں۔ یہ پوری قوم، ملک اور پوری دنیا آپ کو جانتی ہے کہ پچھلے دنوں پڑوسی ملک کے ساتھ جو ہماری گڑبڑ ہوئی اور اس نے ہم سے پنگا لیا، اس کا جواب جس طریقے سے پاکستانی قوم نے انہیں دیا، جس طرح سے ان کے دانت کھٹے کر دیئے گئے اسی طریقے سے ایران کے گرج دار حملے نے انڈیا کے ایک ساتھی ملک اسرائیل کو بھی مزہ چکھا دیا ہے۔ اسرائیل وہ ملک ہے کہ جب غزہ

میں بچے شہید ہوتے تھے، ہسپتالوں اور سکولوں پر حملے کرتا تھا تو وہاں پر جشن منایا جاتا تھا، آج حیرت کی بات یہ ہے کہ اسرائیل میں والدین اپنے بچوں کی تصاویر لے کر احتجاج کر رہے ہیں اور استدعا کر رہے ہیں کہ اسرائیل میں ایسا نہ ہو۔

میں یہ کہتا ہوں کہ ایسے وقت میں بالکل دوستوں نے بجا طور پر کہا، خاص طور پر میری colleague میڈم پلوشہ نے جو کچھ کہا کہ آج وہ وقت ہے کہ مسلم امہ کو ایران کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔اس وقت میں یہ کہتا ہوں کہ بلاول بھٹو زرداری صاحب نے جس طریقے سے پاکستان کی نمائندگی کی ہے، جس طریقے سے انہوں نے مسلم امہ اور پوری دنیا کو یہ بتایا ہے کہ اس خطے میں کس طریقے سے کسی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور کس طرح سے ظالم آگے چل رہا ہے، اس بابت میں یہ کہتا ہوں کہ یہ ایوان بلاول بھٹو زرداری صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

جناب چیئرمین! میرا کہنا یہ ہے کہ پاکستان کی اہمیت اس حد تک بڑھ چکی ہے اور پوری دنیا کو یہ یاد ہے کہ اس ملک کی ایک سیاسی جماعت lobbying firms engage کرتی رہی اور Donald Trump کے ایک tweet کے لیے کروڑوں ڈالر خرچ کرتی رہی لیکن اس میں بھی وہ کامیاب نہیں ہو سکی۔ یہ وہی پاکستان ہے کہ امریکہ میں ہمارا Field Marshal lunch پر ان کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اور پاکستان کی تعریفیں ہو رہی ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ہم پاکستانیوں کو متحد رہنا چاہیے، صرف پاکستان کو ہی متحد نہیں رہنا چاہیے بلکہ ہمیں مسلم امہ کے اتحاد کے لیے بھی ایسا کرنا چاہیے۔ میں پاکستان کی اقلیتوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس وقت وہ کس طریقے سے پاکستان کے ساتھ کھڑی ہیں جبکہ ہندوستان میں دیکھیں کہ اقلیت کے ساتھ کس طرح سے زیادتی ہو رہی ہے۔ یہ ایوان surrender Modi کے خلاف باقاعدہ قرارداد بھی pass کر چکا ہے اور میں دکھانا چاہتا ہوں کہ یہ ملک اور قوم الحمدللہ اپنے پاؤں پر کھڑی ہو چکی ہے۔ خدا اس ملک کو سلامت رکھے۔ ہماری افواج نے اپنا جو character اور فاتح کی صورت میں اپنا جو image بنایا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ وہ قائم و دائم رہے گا اور اگر یہی طریقہ رہے گا تو پاکستانی عوام ان افواج کے پیچھے کھڑی رہے گی۔ پاکستان زندہ باد۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی اسی طرف آ رہے ہیں۔ وہی مشورہ کر رہے ہیں کہ حکومت کی طرف سے کوئی۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی کامل علی آغا صاحب۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: میں گزارش کرنا چاہ رہا تھا کہ opposition walk out کرکے بیٹھی ہوئی ہے، طریقہ تو ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ اگر walk out کریں تو کسی کو بھیجا جاتا ہے۔ میں اپنے آپ کو offer کرتا ہوں کہ میں جا کر ان کی منت کرتا ہوں کہ وہ آ جائیں لیکن ان کا اعتراض بہت درست ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ یہاں پر منسٹر نام کی کوئی مخلوق موجود نہیں ہے تو میرے خیال میں از خود حکومت اپنے بڑے ادارے کی عزت اور احترام کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ اس کے اوپر آپ حکومت کو تنبیہہ ضرور کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ House of the Federation ہے اس میں تمام اکائیوں کی نمائندگی بھی ہے، تمام جماعتوں کی نمائندگی بھی ہے۔ آج اس Chair پر Chairman اور میں بیٹھ رہے ہیں اور کل ان opposition کے لوگوں میں سے بھی کوئی یہاں پر بیٹھے گا تو اس کے rules, ان کے قواعد اور ان کی تمام چیزیں دونوں طرف کے ممبران کو چاہیے، چاہے وہ حکومت کے ساتھ ہوں یا وہ opposition میں ہوں۔ سب پر لازم ہے کہ وہ اس کا احترام کریں۔

میری office کو سختی سے ہدایت ہے کہ فوری طور پر حکومت کی طرف سے ایک، دو منسٹرز کو ایوان میں بلایا جائے تاکہ وہ معزز ممبران کے سوالات کے جوابات بھی دے دیں۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ Chair کو حکومت کی طرف سے یا opposition کی طرف سے امتحان میں ڈالا جائے۔ میری office کو ہدایت ہے کہ حکومت کی طرف سے ایک یا دو منسٹر، Finance Committee کی meeting بھی چل رہی ہے۔ اس میں کافی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں مگر اس کے باوجود حکومت کو ہدایت ہے کہ وہ آئیں اور آ کر تمام ممبران کے سوالات کے جوابات بھی دے دیں۔ میری سینیٹر کامل علی آغا اور سینیٹر وقار مہدی سے گزارش ہے کہ وہ جا کر opposition کو request کریں اور ان کو ایوان میں لے کر آئیں۔ سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن۔

## Resolution moved by Senator Atta-ur-Rehman regarding a large number of MBBS graduates failing Medical Officers exam in Khyber Pakhtunkhwa

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں ایک قرارداد پیش کرنا چاہتا ہوں لیکن قرارداد سے پہلے یہ گزارش ضرور کروں گا کہ براہ مہربانی اگر اس کو کمیٹی میں refer کر دیا جائے۔ ہمیں وہاں پر بات کرنے میں آسانی ہو گی۔

ہم سینیٹ آف پاکستان کے قواعد وضوابط کے ضابطہ نمبر 132 کے تحت اس ایوان میں قرارداد پیش کرتے ہیں۔ چند دن پہلے خیبر پختونخوا میں مختلف سرکاری اور پرائیویٹ میڈکل کالجز سے فارغ التحصیل MBBS کے طلباء میڈیکل آفیسر کی پوسٹ کے لیے امتحان میں شریک ہوئے۔ لیکن اس امتحان کا نتیجہ آنے پر پتا چلا کہ 80% لوگ فیل قرار دیے گئے ہیں۔ یہ پوری قوم کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے کہ زندگی کا ایک انتہائی اہم شعبہ جس کا تعلق براہ راست انسانی صحت کے ساتھ ہے اس شعبہ سے وابستہ 5 سال کی تعلیم کے حصول کے بعد 80% امیدواران کا فیل ہونا ان سرکاری و نجی پرائیویٹ میدیکل کالجز کی کارکردگی کی زبوں حالی کی طرف اشارہ ہے۔

لہٰذا گزارش ہے کہ یہ ایوان قرارداد کے ذریعے اس اہم لمحہ فکریہ کو زیر بحث لائے۔ لیکن میری گزارش ہو گی کہ اس کو کمیٹی میں refer کر دیا جائے تاکہ وہاں کی report آنے کے بعد پھر یہاں پر بحث کی جاسکے۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین ایوان میں واپس آ گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کو قرار داد کی شکل میں office کے ساتھ رابطہ کر کے جو rules ہیں اس کے مطابق آپ کر لیں۔ اس کو کمیٹی میں بھیجا جاتا ہے۔ سینیٹر دنیش کمار۔

## Point of Public Importance Raised by Senator Danesh Kumar regarding abduction and forced abduction and forced conversion of Hindu girls in Distt. Sangarh, Sindh.

سینیٹر دنیش کمار: جناب ڈپٹی چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ سندھ کے ضلع سانگھڑ میں اس کی تحصیل شہدادپور میں گزشتہ تین چار دنوں سے ہماری تین ہندو بچیاں اغوا ہیں اور ان کے ساتھ ایک گیارہ سال کا بچہ بھی ہے۔ یہ کہا جا رہا کہ

ان کو مبینہ طور پر زبردستی مسلمان کیا جا رہا ہے۔ یہ بہت بڑا ظلم ہے۔ یہ بہت اہم واقعہ ہے۔ ایسی چیزیں معلوم نہیں سندھ میں ہی کیوں ہوتی ہیں جہاں پر ہندو اکثریت آبادی سب سے زیادہ ہے۔ PPP ہمیشہ دعویٰ کرتی ہے کہ ہم وہاں کی اقلیتی برادری کا ساتھ دیتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! آئین پاکستان میں لکھا ہے کہ کسی پر بھی کسی قسم کا جبر نہیں ہو سکتا۔ آئین پاکستان میں تو اس حد تک لکھا ہوا ہے کہ اقلیتی برادری اپنے دین کی تبلیغ بھی کر سکتی ہے۔ کیا ہم اپنے دین کی یہاں تبلیغ کر سکتے ہیں؟ جس دن ہم نے اپنے دین کی تبلیغ کی اس دن ہماری لاش بھی سڑک پر ہو گی۔ ہم اپنے دین کی تبلیغ نہیں کرنا چاہ رہے مگر ہماری بچیوں پر جو زبردستی مسلط کیا جا رہا ہے ان کو اس سے بچایا جائے۔ اس سے پاکستان کی پوری دنیا میں بدنامی ہوتی ہے۔

جب پاکستان اور ہندوستان کی جنگ چل رہی تھی تو پاکستان کی ہندو برادری صف اول پر تھی اور پاکستان کی ہندو برادری نے کہا کہ یہ سرزمین ہماری ماں ہے۔ اگر مودی بھی اس سرزمین کی طرف دیکھے گا تو اس کی ہم آنکھ نکال لیں گے۔ مگر یہاں پر ہندوستان کے چند جاسوس بیٹھے ہوئے ہیں جو اس طرح کے کام کر رہے ہیں۔ ہماری جو چھوٹی بچیاں ہیں، علمائے کرام صاحب بھی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں میں ان سے بھی گزارش کروں گا کہ خدارا ان چیزوں پر غور کریں۔ اس سے اسلام کی خدمت نہیں ہوتی بلکہ پوری دنیا میں اسلام کی بدنامی ہوتی ہے۔ مجھے فخر ہے اپنے علماء دین پر میں چاہتا ہوں کہ وہ آئیں اور ان کے سامنے پیش کریں لڑکیوں کو تاکہ وہ دیکھیں کہ یہ کس قسم کا ظلم ہو رہا ہے۔ یہ اسلام کی خدمت نہیں ہے۔

میرے محترم بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے ہمیشہ مجھے محبت دی، مجھے اہمیت دی مگر آپ حیران ہوں گے کہ اس میں ایک گیارہ سال کا بچہ بھی ہے اور اس کو کہا جا رہا ہے کہ اسلام قبول کر لے۔ اٹھارہ سال کی عمر سے پہلے driving license نہیں دیا جاتا، weapon license نہیں دیا جاتا۔ لیکن اس بچے کو کہا جاتا ہے کہ وہ اسلام قبول کر لے۔ یہ میرے لیے بھی باعث شرم ہے، تمام قوم کے لیے باعث شرم ہے۔ حکومت سندھ کے لیے شرم کی بات ہے، ہمارے لیے شرم کی بات ہے۔ اس پر فوری کارروائی کی جائے اور آپ آج اس معزز ایوان میں ruling دیں۔ IG Sindh کو طلب کریں کہ اس قسم کے واقعات کیوں ہو رہے ہیں اور ہمارے پاکستان کی بدنامی کیوں ہو رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے وقار مہدی صاحب کو وقت دینا ہے۔ میری office کو ہدایت ہے کہ Chief Secretary Sindh and IG Sindh سےاس بارے میں report طلب کی جائے۔ جی آپ بات کریں۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب ڈپٹی چیئرمین ! بہت شکریہ۔ دنیش کمار صاحب نے بات کی اور مجھے ان کی تشویش کااحترام بھی ہےاور ہم اپنی سندھ میں رہنے والی بلکہ پورے پاکستان میں رہنے والی اقلیتی برادری کا بہت احترام کرتے ہیں۔ ان کے حقوق اور ان کے تحفظ کی حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ شہدادپور کے علاقے میں یہ واقعہ پیش آیا اور یہ بچیاں وہاں سے kidnap کی گئیں۔ میں نے کل شہدادپور میں ونود کمار سے بات کی تھی اور مجھے انہوں نے بتایا کہ یہ بچیاں بازیاب ہو گئی ہیں اور کراچی سے بازیاب ہوئی ہیں اور پولیس ان کو وہاں پر لے آئی ہے۔ ان کو کل رات ایک safe house میں رکھا گیا تھااور آج ان کو عدالت میں بھی پیش کیا جائے گا۔ ہماری رات کو ہی کوشش تھی کہ ان کی ان کے والدین سے ملاقات ہو جائے لیکن رات کافی زیادہ ہو گئی تھی تقریباًدس بج رہے تھے۔

ہم یقین دلاتے ہیں حکومت سندھ کی جانب سے بھی کہ اقلیتوں کے حقوق کا اور ان کے تحفظ کا پورا خیال رکھا جائے گااور جو لوگ بھی اس گھناؤنے جرم میں ملوث ہیں۔ حکومت سندھ نے ہدایت دی ہے IG Sindh کو کہ ان کو سخت سے سخت سزادی جائے گی اور ان بچیوں کو بھی انصاف فراہم کیا جائے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: معزز رکن نے جو نقطہ اٹھایا ہےاس حوالے سے ہمارے office کو اور Chief Secretary Sindh and IG Sindh کو ہدایات ہیں کہ معزز رکن کو بلا کر physically ان کو مطمئن کیا جائے۔ جی، سینیٹر راجہ ناصر عباس صاحب۔

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ، جناب چیئرمین۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ (عربی)
اسلام کہیں بھی اجازت نہیں دیتا کہ آپ کسی پر جبر کریں اور زبردستی سے اس پر اپنا عقیدہ ٹھونسیں۔ پاکستان میں جو کچھ بھی ہو رہاہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ ہماری جو پولیس ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مائیک کے قریب آ جائیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: پہلی بات یہ ہے کہ ہماری جو پولیس ہے یا ہمارے دوسرے ادارے ہیں ان کو بھی آئین اور قانون پڑھانا چاہیے تاکہ یہ لوگوں کو support کریں۔ آئے دن خبریں آتی ہیں بالخصوص اندرون سندھ سے آتی ہیں کہ وہاں کچھ بچیوں کو زبردستی اٹھایا گیا۔ مسلمان بنانے کے نام پر ان کو لے گئے ہیں۔ اس کے بعد سننے میں آ رہا ہے کہ وہ مسلمان ہو گئی ہیں۔ یہ پاکستان کے لیے بہت بری چیز ہے۔ اس سے پاکستان کا image خراب ہوتا ہے۔ سینیٹر دنیش کمار نے جو بات کی ہے ہم ان کی تائید کرتے ہیں اور جن لوگوں نے یہ قدم اٹھایا ہے ان کو نشان عبرت بنانا چاہیے۔ ان کو سزا ملنی چاہیے۔ جب تک قانون لاگو نہیں ہوتا جرائم ختم نہیں ہوتے۔ قانون جو بنانے والا ہے، جو قانون ساز ہے ایک فلسفہ قانون کا یہ ہے کہ جرائم کی روک تھام کی جائے۔ جو زیادتیاں ہو رہی ہیں ان کی روک تھام کی جائے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ لاقانونیت اوپر سے شروع ہو جاتی ہے اور ہماری پولیس کے لوگ بھی، آپ دیکھیں جناب چیئرمین! بعض اوقات ایک بندے کو گرفتار کرتے ہیں اور پھر اس کو لاتیں مار رہے ہوتے ہیں۔ یہ خلاف قانون ہے۔ یہ قانون کی روح پر تھپڑ ہے۔ قانون کے وجود پر لات مار رہے ہوتے ہیں۔ آپ کو گرفتار کرنے کا حق تو ہے لیکن مارنے کا حق کس نے آپ کو دیا ہے۔ کس نے آپ کو یہ حق دیا ہے کہ آپ ان کی تذلیل کریں۔ پاکستان کے اندر سب سے بڑا مسئلہ ہی لاقانونیت کا ہے۔ قانون محترم اور مقدس نہیں ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے جیسا کہ آپ نے کہا اور بہت اچھا قدم اٹھایا کہ آپ نے کہا کہ ان کو بلایا جائے۔ پیپلز پارٹی کے دوست وقار مہدی صاحب نے بھی یقین دہانی کرائی ہے لیکن یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو ایک ناسور کی شکل میں ڈھل چکا ہے۔ خالی I.G کو بلانے سے یا خالی چیف سیکرٹری کو بلانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ اس پر باقاعدہ ایک Special Task Force بنی چاہیے اور اس کے اوپر قدم اٹھانا چاہیے تاکہ جو لوگ بھی اس طرح کے اقدامات کر رہے ہیں ان کا راستہ روکا جائے اور پھر ان کو سزا ملے اور ان کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین! ابھی ایک چھوٹا سا مسئلہ تھا۔ آپ کو بیان کر دیتا ہوں۔ آپ جانتے ہیں کہ محرم آنے والا ہے۔ محرم میں تمام حسینی امام حسین علیہ السلام کا ذکر کرتے ہیں اور عزاداری کرتے ہیں۔ عزا غم میں بیٹھتے ہیں، مجالس کرتے ہیں اور ماتمی جلوس ہوتے ہیں۔ پنجاب کی حکومت نے،

آپ یہ دیکھیں کہ یہاں پاکستان میں آپ پیدل چل کر میلوں میں جا سکتے ہیں۔ پیدل چل کر عرسوں میں جا سکتے ہیں۔ لوگ چاہتے ہیں کہ اربعین چہلم امام حسین پر ہم پیدل جائیں۔ گھروں سے پیدل نکل کر جائیں اور جہاں پر جلوس ہو رہا ہے یا مجلس ہو رہی ہو وہاں پیدل جائیں۔ ایک تو آپ راستے پر سیکورٹی کے حوالے سے رکاوٹیں کھڑی کر دیتے ہیں۔ ابھی پنجاب حکومت نے کہا ہے کہ یہ پیدل جانا بدعت ہے۔ یہ پنجاب حکومت ہمارے لئے فقیہہ بن گئی ہے۔ کس نے اس کو فتوے دینے کی اجازت دی ہے۔ باقاعدہ انہوں نے بدعت کا ایک letter جاری کیا ہوا ہے۔ جناب چیئر مین! انہیں کہیں کہ میں پاکستانی ہوں، میری مرضی ہے کہ میں سائیکل پر جاؤں، میں گاڑی پر جاؤں یا پیدل چل کر جاؤں۔ لیکن اس طرح کی رکاوٹیں کھڑی کرنا۔ میں باقاعدہ شکریہ ادا کرتا ہوں اپنے سندھ کی صوبائی حکومت کا کہ انہوں نے کبھی رکاوٹیں کھڑی نہیں کیں۔ بلوچستان میں کبھی کھڑی نہیں کیں۔ خیبر پختونخوا میں مشکلات نہیں ہیں لیکن پنجاب میں special ہمارے لئے مشکلات کھڑی کی جارہی ہیں۔ لوگ پہلے پریشان ہیں۔ مہنگائی کی پریشانی ہے، مشکلات ہیں اور آپ انہیں پکڑ رہے ہیں۔ Schedule-4 میں ان کو ڈال رہے ہیں۔ جناب چیئر مین! ایسے ہے کہ سترہ اٹھارہ سال کا بچہ ہے اور آپ نے ملتان میں ان کو Schedule-4 میں ڈالا ہے۔ جنہوں نے کبھی کوئی جرم انجام نہیں دیا۔ کبھی ان کے خلاف FIR نہیں کٹی ہے۔ وہاں کے CTD والے ان کو بلا رہے ہیں اور ان سے کہہ رہے ہیں کہ آپ آ کر ہمیں یہ sign کرکے دو کہ نہ تم محرم کے کسی مجلس میں جاؤگے، نہ جلوس میں جاؤگے اور نہ سفر پر جاؤگے۔ یہ کیا طریقہ کار ہے۔ یہ کون سا قانون apply ہو رہا ہے۔ میرے خیال میں پاکستان میں اس وقت لوگوں کو heal کرنے کی ضرورت ہے۔ جتنی مشکلات ہیں۔ جو بجٹ ہے یہ ان کے سر پر بم کی طرح گرنے والا ہے۔ لوگ پہلے سے ہی پریشان ہیں اور خوف زدہ ہیں۔ بجٹ کے نام سے ڈرتے ہیں۔ جیسے بچوں کو کسی چیز سے ڈرایا جاتا تھا یہ وہی طریقہ کار ہے کہ بجٹ پاکستان کے عوام کے لیے ایک ڈراؤنی حقیقت بن چکا ہوا ہے۔ جناب چیئر مین! میری گزارش ہے کہ پنجاب حکومت سے بھی کہا جائے، ان کو بلایا جائے اور ان کو refer کریں تاکہ وہ جواب دیں گے کہ انہوں نے کس بنیاد پر کہا کہ یہ بدعت ہے۔ مشی عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں پیدل جانا۔ پیدل چل کر جانا۔ میرا گھر اسلام آباد میں ہے اور میں یہاں سے جلوس میں پنڈی پیدل جاتا ہوں۔ پیدل چل کر جانا کوئی جرم ہے۔ کوئی بندہ traffic نہیں روکتا۔ کوئی کسی کے لیے رکاوٹ نہیں بنتا۔ آپ

آ کر اس کو بدعت قرار دیتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ سارے کے سارے مسائل اس وجہ سے ہیں کہ لاقانونیت ہے۔ عوام کا جو حق ہے، جو fundamental rights ہیں اور جو civil rights ہیں وہ recognize نہیں کیے جاتے۔ ان پر عمل نہیں ہوتا اور یہ مشکلات کھڑی ہوتی ہیں۔ جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ باقاعدہ اس حوالے سے آپ order پاس کریں اور ان کو بلائیں۔ صوبائی حکومت کے نمائندوں کو بلائیں اور ان سے پوچھیں کہ آپ نے بدعت کا لفظ کس بنیاد پر استعمال کیا ہے۔ آپ فقیہہ ہیں۔ آپ مشتند ہیں۔ آپ کیا ہیں؟ آپ کو قرآن بھی درست پڑھنا آتا ہے۔ آپ کو حدیث بھی درست پڑھنا آتی ہے۔ آپ کو رجال کا پتا ہے، حدیث کا پتا ہے اور اس بات پر فقہی کام کر سکتے ہیں۔ یہ تو جس نے کہا ہے کہ بدعت ہے اس نے دینی طور پر جرم انجام دیا ہے۔ اس نے حلال کو حرام کہا ہے۔ کہاں لکھا ہے کہ پیدل چل کر جانا کہیں پر حرام ہے۔ آپ میلوں میں جا سکتے ہیں، آپ عرسوں میں جا سکتے ہیں، کئی کئی میل پیدل چلتے ہیں اور راستے بند ہو جاتے ہیں۔ داتا دربار میں بھی اربعین کے دنوں عرس ہوتا ہے۔ جگہ جگہ سے لوگ پیدل آتے ہیں۔ تو آپ کہیں گے یہ بدعت ہے۔ کیوں ایسا کام کرتے ہیں جو آپ کی دائرہ نہیں ہے جہاں پر آپ کو قدم نہیں رکھنا چاہیے آپ کیوں وہاں قدم رکھتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر خلیل طاہر صاحب۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ جو کچھ علامہ راجہ ناصر عباس صاحب فرما رہے تھے اور اس سے پہلے میرے بھائی دنیش نے بات کی ہے۔ میں نے جو دین پڑھا ہے، as a Christian قرآن پاک پڑھا ہے جو آخری کتاب ہے۔ اس میں تو بار بار یہی لفظ آتا ہے کہ دین میں کوئی جبر نہیں ہے۔ تو یہ مسئلہ بڑی دیر سے نہ صرف سندھ میں، وہاں پر سارے ہندو جو ہیں ان کی different castes ہیں۔ کچھ بے چارے بہت غریب ہیں۔ ابھی پرسوں دو ڈاکٹرز کو بھی ایسے کیا گیا۔ دنیش کی بات ہوگی۔ اس طرح پنجاب میں بھی یہ بہت ساری ہیں۔ میں جن کی بہت زیادہ عزت کرتا ہوں۔ معزز سینیٹر پرویز رشید صاحب نے پرسوں بڑی دلیری سے بات کی اور انہوں نے کہا کہ یہ میرے ضمیر کی آواز ہے کہ لالہ موسیٰ میں ایک SHO صاحب ایک بزرگ خاتون کو، جو ہماری ماؤں جیسی ہے۔ جس نے تین دفعہ کلمہ پڑا۔ اس کو پھر بار بار کہہ رہے ہیں کہ آپ کے گھر

میں جو گوشت ہے یہ کس نے ذبح کیا تھا۔ کسی دوسری community نے تو آپ کے لیے نہیں بھیجا؟ آپ نے تو کسی کو نہیں بھیجا۔ وہ بیچاری آگے سے رو رہی ہے۔ اس نے تین دفعہ کلمہ پڑا۔ شاید وہ SHO سے زیادہ اچھے طریقے سے کلمہ پڑھ رہی ہے۔ ویڈیو بھی ہمارے پاس ہے۔ تو اس کے بارے میں لوگ کہتے ہیں کہ tolerance, there is no matter of tolerance, there is a matter of acceptance.

جناب چیئرمین! ہم دونوں، ہم سارے الہامی مذاہب جو ہیں ہم ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ میرے لیے تو بہت زیادہ قابل احترام ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بھی اور قرآن پاک بھی۔ اس حوالے سے کیونکہ میں نے اس کا مطالعہ کیا ہے۔ تو یہ جو بات ہوئی ہے۔ اس طرح سے اس کا اصل میں ہوتا کچھ نہیں ہے۔ جس طرح جانا چاہے جب اس کی age ہوتی ہے۔ جو بھی کسی مذہب میں جانا چاہتا ہے۔ ہمیں تو کوئی بھی مسئلہ نہیں ہے لیکن وہ بالغ تو ہو۔ وہ فیصلہ تو کر سکے۔ یہ نہیں کہ آدھے گھنٹے میں اس کا مذہب تبدیل ہو جائے اور آدھے گھنٹے بعد شادی کر دی۔ اور پھر ایک اور نیا کام بنا ہوا ہے کہ رحیم یار خان میں ایک مولوی صاحب ہیں، مجھے نام یاد نہیں آرہا ہے۔ ابھی میں لے لیتا ہوں۔ وہ کرتے کیا ہیں کہ بچی سندھ سے ہوتی ہے تو وہ پنجاب کی حدود میں لا کر کیونکہ یہاں بھی لڑکی کی عمر سولہ سال ہے۔ تو اس کو convert کر دیتے ہیں۔ تو یہ میری humble submission ہوگی کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ اتنا خوبصورت کام جنرل عاصم منیر صاحب نے وہاں پر جا کر کیا ہے۔ کیونکہ آپ دیکھیں کہ وہاں بھی کھڑے ہو کر انہوں نے کہا کہ we are standing with Iran. یہ بڑی بات ہوتی ہے۔ جہاں پر بڑے بڑے لوگ جا کر چھپ جاتے ہیں اور کانپ جاتے ہیں۔ اس نے یہ بات کی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس کے پیچھے political قیادت مضبوط ہے۔ جناب چیئرمین! اگر ہمیں جینا ہے تو وقار کے ساتھ جینا ہے۔ ورنہ اس طرح سے تو جناب چیئرمین! کوئی بڑا یہ ہمارا اتنا

negative, I am also going to US on 22nd, you will see I will send to this honourable house that what I do for the Pakistan.

کیونکہ پاکستان میرے لیے سب سے زیادہ عزیز ہے۔ میری شناخت پاکستان سے ہے۔ نہ ہم ذمی And sir we are here before the creation of Pakistan.

ہیں اور نہ ہم مفتوح ہیں۔ ہمیں کسی نے فتح نہیں کیا ہوا ہے۔ نہ ہم کوئی جزیہ دینے والے لوگ ہیں۔ ہم تو پہلے سے یہاں کے وارث ہیں۔ تو باقی وہ جنہوں نے مخالفت کی تھی ان کا بھی آپ کو پتا ہے کہ جب 23 جون 1947 کو 170 ووٹ تھے۔ تو یہ پانچ Christian ووٹ تھے۔ وہ Dewan Bahadur S.P. Singha تھے جنہوں نے آخری ووٹ دیا، جن کا پسرور سے تعلق تھا۔ The founder of Pakistan Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah was a charismatic leader انہوں نے کہا اور پہلے بھی جب ووٹ 88, 88 ہوئے تو پھر آخری ووٹ بھی انہوں نے دیکھے تو 177 میں ہم نے 89 ووٹ حاصل کر کے پنجاب کے بہت سارے اضلاع پاکستان کا حصہ بنے۔

جناب چیئرمین! میرے لئے یہاں پر بہت جید علماء کرام بیٹھے ہیں۔ ان سب سے یہ گزارش ہے کہ خاص طور پر مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی جماعت سے کیونکہ جو میں نے ان کو پڑھا ہے یا دیکھتا ہوں۔ They are not conservatives وہ بنیاد پرست اس level پر کبھی نہیں ہوتے۔ They are always very liberal اور مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے میرا ذاتی تعلق ہے۔ وہ liberal بات کرتے ہیں۔ Even ہمارے ساتھ، میں ان کے گھر گیا۔ میرے ساتھ بیٹھ کر انہوں نے کھانا کھایا۔ مجھے کوئی کام تھا ایک دفعہ کی بات ہے۔ تو یہ ساری باتیں ہوتی ہیں۔ جو co-existence کا culture ہے، اس کو فروغ دیا جائے۔

مجھے افسوس ہے بجٹ بنانے والوں پر، یہ ایک چھوٹی سی ضمنی بات ہے، کہ انہوں نے اس میں نہ تو minorities کے لیے اور نہ inter-faith harmony کے لیے جس کے مولانا صاحب، چیئرپرسن بھی ہیں، ایک single penny بھی نہیں رکھی۔ کس طریقے سے ہم چیزوں کو آگے بڑھائیں گے؟ میں دوبارہ کہتا ہوں کہ اس جبر پر ہم صبر کرتے رہیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ یہ سوال اپنے آپ سے کریں کیونکہ آپ حکومتی جماعت کے رکن ہیں۔

سینیٹر خلیل طاہر: کوئی بات نہیں۔ میں اگر حکومتی جماعت میں ہوں تو I can protest, I can agitate, no problem. میری زندگی اللہ پاک کے ہاتھ میں ہے۔ میں اس سے ڈرتا ہوں جو میرے جسم اور روح دونوں کو قتل کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ باقی میری

جماعت نے مجھے کبھی نہیں کہا کہ آپ بات نہ کریں۔ مجھے آج تک کبھی میاں نواز شریف صاحب نے نہیں روکا۔ اس لیے میری humble submission ہو گی کہ:

جینے کو جب سانسیں مانگو، سب سے پہلے آنکھیں مانگو
تاریکی میں بسنے والو، اُجلی اُجلی صبحیں مانگو

بہت بہت شکریہ جناب ڈپٹی چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ دونوں اراکین چاہے دنیش کمار صاحب ہوں یا علامہ صاحب ہوں، انہوں نے اگر کوئی public importance کے points اٹھائے ہیں تو حکومت کی طرف سے انہیں مطمئن کیا جانا چاہیے چاہے سندھ حکومت ہو یا پنجاب حکومت ہو۔ اگر آپ یہاں بیٹھ کر اقلیتوں کے حوالے سے کوئی قانون سازی کرنا چاہتے ہیں تو کر سکتے ہیں یا اگر کوئی قرارداد لانا چاہتے ہیں تو لا سکتے ہیں۔ مولانا عطاء الرحمان صاحب! آپ اس حوالے سے ہماری رہنمائی فرمائیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! بات یہ ہے کہ ہم نے واک آؤٹ کیا تھا۔ جمعہ کا دن ہے، ویسے بھی سیشن ایک یا سوا ایک بجے ختم ہو جاتا ہے، ہم نے اسی بنیاد پر واک آؤٹ کیا تھا کہ حکومتی benches پر کوئی بھی نہیں ہے۔ ہمارے محترم سینیٹر وقار مہدی صاحب اور کامل علی آغا صاحب آئے تھے اور ہم اس وجہ سے آ گئے کہ منسٹرز آ رہے ہیں لیکن لگتا ہے کہ ان کا یہاں پر آنے کا کوئی plan نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شبلی فراز صاحب! منسٹر صاحب آ رہے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ صاحب آ رہے ہیں، ایک اور منسٹر بھی آ رہے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: چلیں ٹھیک ہے، وہ آ جائیں۔ جب تک وہ نہیں آتے، ہم واک آؤٹ کرتے ہیں۔ پہلے بھی ہم نے اسی بنیاد پر کیا تھا۔ ہم پھر واپس آ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، آپ پانچ دس منٹ wait کریں۔ چلیں پھر یہ آنیاں جانیاں لگی رہیں۔

(اس موقع پر پی ٹی آئی اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا عطاء الرحمان صاحب۔

**Senator Atta-ur-Rehman**

سینیٹر عطاء الرحمان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ہمارے دنیش کمار صاحب نے جس مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے، یقیناً اسلام اخلاق سے پھیلا ہے، زبردستی سے نہیں۔ اگر زبردستی والا ہوتا تو شاید پھر اسلام میں بھی تبلیغ نہ ہوتی۔ تبلیغ کرنا، لوگوں کو سمجھانا، لوگوں کو دین کی طرف بلانا، یہ طریقۂ کار ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اسلام میں جتنی بھی جنگیں ہوئی ہیں، تقریباً سب دفاعی جنگیں ہوئی ہیں، مسلط کی گئی جنگیں لڑی گئی ہیں نہ کہ کوئی اقدامی جنگیں ہوئی ہیں۔ للذا، ایک تو گزارش یہ ہے کہ اسلام قطعاً ایسی چیزوں کی اجازت نہیں دیتا لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی گزارش کروں کہ یہ پاکستان ہے۔ یہاں صرف یہ نہیں کہ ہندو کمیونٹی کے ساتھ یہ کچھ ہوا ہے، مسلم کمیونٹی کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اور آئے روز ہمارے ملک میں بلکہ ہمارے صوبے میں جو کچھ ہو رہا ہے، قبائلی علاقوں میں جو کچھ ہو رہا ہے، آپ کے سامنے ہے۔ گزشتہ دنوں میں نے گزارش بھی کی تھی کہ ہمارے مولانا صاحب کے بیٹے کے ساتھ بھی ہوا ہے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں، بلوچستان میں حکومتی رِٹ نہیں ہے تو یہ ہم ویسے نہیں کہتے کہ حکومتی رِٹ نہیں ہے، وہاں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ وہاں آئے روز اس طرح کے واقعات ہوتے رہتے ہیں، للذا، ایک تو ہم دنیش کمار صاحب کے اس مسئلے پر ان کے ساتھ ہیں اور ان کی تائید کرتے ہیں۔ ہم یقیناً چاہیں گے کہ ان کے متعلق وہاں کی حکومت کو متوجہ کرنا چاہیے اور ان سے جواب طلبی ہونی چاہیے کہ کیوں ایسا واقعہ ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عون صاحب! منسٹر صاحب آ گئے ہیں۔

سینیٹر عطاء الرحمان: نمبر دو، ہمارے ساتھی نے جو بات کی ہے بدعت کے متعلق حکومت پنجاب کے حوالے سے کہ پیدل جانا بدعت ہے۔ بدعت کسے کہتے ہیں؟ بدعت کیا ہے؟ اس پر بھی سوچنا چاہیے۔ حکومت پنجاب اس چیز کی ذمہ دار نہیں ہے۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب چیئرمین! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سیکرٹری صاحب! گنتی کرلیں۔ بعض لوگوں کو smooth طریقے پر چلنے سے چین نہیں آتا۔ دوست محمد صاحب! آپ اپنے علاقے سے صرف اسی کام کے لیے تشریف لائے تھے؟ چلیں، شکریہ۔ چونکہ کورم point out ہو گیا ہے، اس لیے رولز کے مطابق اس کے

بعد اجلاس چلانا مناسب نہیں ہے حالانکہ ہم مولانا صاحب سے رہنمائی اور سرپرستی چاہتے تھے مگر آپ کے نصیب میں نہیں ہے۔ پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائی جائیں۔ دونوں lobbies میں موجود اراکین کو ہاؤس میں حاضر کیا جائے۔ ہم پانچ منٹ کے لیے wait کرتے ہیں۔

(اس موقع پر پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہم نے ہدایت کی ہے کہ دونوں lobbies میں جو معزز اور سنجیدہ اراکین بیٹھے ہیں، وہ ہاؤس میں تشریف لائیں۔ پانچ منٹ کا ٹائم ہے۔ یہ بڑا اہم اجلاس ہے اور بجٹ سیشن ہے اور اس حوالے سے ساری چیزیں ایڈوائزری کمیٹی میں طے ہوئی تھیں۔ اس وقت ایک کی بجائے، تین منسٹر صاحبان تشریف لائے ہیں۔ خلیل طاہر سندھو صاحب! آپ جا کر اپوزیشن کے لوگوں کو لائیں کہ منسٹر صاحبان موجود ہیں۔ وقار مہدی صاحب اور کامل علی آغا صاحب! آپ بھی مہربانی فرما کر جائیں اور انہیں بلا کر لائیں۔ نوابزادہ خالد مگسی صاحب! آپ بھی جائیں۔ کھیل داس صاحب! آپ بھی جا کر اپوزیشن کو منالیں۔

ہم دوبارہ کورم کی گنتی کرلیں، پھر آپ بات کر سکتے ہیں۔ کورم پورا ہوگا تو اپوزیشن اراکین کو موقع دیں گے۔ دوبارہ گنتی کرلیجیے۔ ہاؤس کورم میں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: گھنٹیاں بند کی جائیں۔ براہ مہربانی دوبارہ گنتی کریں۔

(اس موقع پر دوبارہ گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: کورم پورا ہے۔ سینیٹر مولانا عطاء الرحمان صاحب کہاں گئے جن کی ہم رہنمائی لے رہے تھے۔ سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ! پہلے مولانا صاحب اپنی تقریر مکمل کرلیں۔ اس کے بعد آپ بات کریں۔ چلیں آپ بات کریں۔

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی یہاں گفتگو ہو رہی تھی اور تھوڑی دیر کے لیے House disturb بھی رہا۔ میں ایک بہت اہم issue پر بات کرنا چاہ رہی تھی جو کراچی سے related ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر خلیل طاہر صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔ سینیٹر خالدہ اطیب بس ایک منٹ کے لیے کراچی کے کسی مسئلے پر بات کرنا چاہتی ہیں۔ جی سینیٹر صاحبہ۔

سینیٹر خالدہ اطیب: یہاں افراتفری والا ماحول ہے۔ جناب! جب آپ نے مجھے floor دیا ہے تو براہ مہربانی مجھے بات بھی کرنے دیں۔ سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب! براہ مہربانی آپ تشریف رکھیں۔

Mr. Deputy Chairman: Yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم نے دو دفعہ walk out کیا۔

سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ! بس ایک منٹ کی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحبہ! قائد حزب اختلاف walk out کے حوالے سے بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: دیکھیں ہم نے walk out کیا۔ اس کی ایک بنیادی وجہ یہ تھی کہ Treasury Benches پر کوئی موجود نہیں تھا۔ آپ نے جب instructions دیں تب وہ آ گئے۔ یہاں اس وقت۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک کی بجائے چار، پانچ وزراء آ گئے ماشاء اللہ۔

سینیٹر سید شبلی فراز: خوشی ہے کہ ادھر آج پارلیمانی وزیر بھی آئے ہیں حالانکہ ان کی جگہ زیادہ ادھر ایوان میں بنتی ہے۔ بہر حال he is welcome. دیکھیں بجٹ کارروائی ہو یا عام کارروائی، the onus of quorum lies on the Government. Government has to ensure that there is quorum. اگر وہ کورم پورا نہیں کریں گے اور ہم پر dependent ہوں گے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بات ختم ہو گئی۔ ہم یہ چاہیں گے کہ جو کورم ہے، اسے Treasury Benches پوری کریں باقی we will be over and above, thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر علی ظفر۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! ہم نے حکومت کو سبق سکھانے کے لیے walk out کیا تھا۔ ہم نے Government کو سبق سکھایا کہ وہ بجٹ کو serious لیں۔ ہم جو debate کر رہے تھے، وہ ہوا میں اڑانے کے لیے نہیں تھی۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ کوئی ان کے notes لے اور پھر ہمیں بتائے کہ ہماری کون سی بات صحیح یا غلط تھی، کون سی بات مانی گئی اور کون سی نہیں مانی گئی۔ ہم

پچھلے دو دن سے دیکھ رہے تھے کہ سوائے Parliamentary Minister کے کوئی اور relevant Minister ایوان میں نہیں آیا۔ ہمیں یہی کہا گیا کہ lobby میں کچھ لوگ بیٹھے ہیں اور انہوں نے notes لیے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ ذرا وہ notes ریکارڈ پر لائیں اور میں دیکھوں کہ ہماری کون سی بات لکھی گئی اور کون سی بات آگے منسٹری تک پہنچائی گئی۔ آج ہم نے ایک بار پھر parliamentary process کا مظاہرہ کیا ہے۔ منسٹر صاحب آئے اور ہمیں request کی کہ ہم واپس ایوان میں آئیں کیونکہ بجٹ سیشن بہت اہم ہے تو ہم نے فیصلہ کیا کہ ہم واپس آئیں گے ورنہ کورم کے حوالے سے میرے خیال میں ان کے پاس 15 یا 16 لوگ تھے اور آگے سیشن چل نہیں سکتا تھا۔ جو ہونا تھا، ہو گیا and let's proceed, now. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سب سے پہلے حکومت کا شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ بجائے ایک منسٹر کے یہاں ابھی چار منسٹر تشریف لائے ہیں۔ آپ لوگوں کا بھی شکریہ کہ آپ لوگ جو بار، بار walk out کر رہے تھے، آپ بھی اس تکلیف سے بچ گئے۔ جی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے Leader of the Opposition اور باقی تمام Opposition کے honourable Senators کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ہماری request پر اجلاس میں دوبارہ تشریف لائے۔ ان کا concern بڑا valid ہے اور خود حکومت بھی اس حوالے سے بہت serious ہے۔ میں floor of the House پر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ simultaneously دونوں ایوانوں کے اجلاس چل رہے ہیں۔ اس وقت National Assembly کا اجلاس بھی چل رہا ہے اور وہاں پر بھی budget speeches ہو رہی ہیں اور Monday تک چلیں گی۔ یہاں پر بھی session چل رہا ہے اس لیے تھوڑا یہ کبھی ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ، ساتھ دونوں ایوانوں کی Standing Committees بھی بیٹھ رہی ہیں اور رات گئے تک چلتی ہیں۔ کل رات National Assembly کا اجلاس 10 بجے کے بعد تک چلتا رہا۔ بہرحال جو Leader of the Opposition نے بات کی ہے، میں مختصراً ایک بات عرض کردوں کہ دونوں ایوانوں میں ہماری honourable Opposition

اور جو ہماری اتحادی جماعتیں ہیں، سب سے ہماری یہ گزارش ہے کہ بجٹ میں تجاویز Members کے حوالے سے ان کی جتنی positive input ہو گی، ان شاء اللہ ہم مثبت طریقے سے اسے سنیں گے، notes لیں گے اور انہیں incorporate بھی کریں گے۔ میں آپ کو اس کی ایک مختصر سی مثال دیتا ہوں۔ پرسوں National Assembly کے سیشن میں ہمارے Deputy Prime Minister اسحاق ڈار صاحب تشریف لائے اور انہوں نے اس وقت تک کی جو آپ کی تجاویز آئی تھیں، ان پر بات کی۔ ان میں دو چیزیں ایسی تھیں جن پر بہت زیادہ بات ہو رہی تھی۔ پہلی بات یہ تھی کہ بجٹ lay کرتے وقت Finance Minister نے اعلان کیا تھا کہ salary 6 per cent بڑھائی جائے گی لیکن ہر طرف سے یہ آواز آئی کہ نہیں اس کو زیادہ کیا جائے۔ اس کا بعد میں 10 per cent اضافے کا اعلان کیا گیا اور ان کی وہ تجویز مانی گئی۔ دوسرا یہ تھا کہ solar panels کے import پر جو 18 per cent ٹیکس لگایا گیا تھا اور اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ ہماری جو local manufacturing ہو رہی ہے، اسے promote کریں لیکن اس پر بھی دونوں Houses میں یہ تجاویز آئیں کہ اس پر ٹیکس زیادہ ہے اور اسے کم کیا جائے اور پرسوں Deputy Prime Minister نے یہ اعلان کیا کہ ہم اسے کم کرکے 10 per cent کر رہے ہیں۔ آپ ایک step آگے چلے گئے لیکن ہم تو دو step آگے جائیں گے۔ میں بس اپنی بات ختم کر رہا ہوں۔ میں نے آپ کو یہ دو مثالیں دیں۔ ادھر سے جتنی positive input آئے گی، ہم ان شاء اللہ تعالیٰ اسے سنیں گے اور وہ incorporate بھی ہوتی ہے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر خالدہ اطیب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding the fatalities due to heavy traffic accidents in Karachi

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی بجٹ تقریریں ہو رہی ہیں اور تمام لوگ بجٹ کے حوالے سے بات کر رہے ہیں اور میری بجٹ تقریر ہو چکی ہے۔ کل کراچی میں ایک بہت اندوہناک حادثہ ہوا۔ ایک ڈمپر نے گاڑی کو ٹکر ماری جس سے ماں اور بیٹی اسی وقت جاں بحق ہو گئیں اور جو driving seat پر اس کے شوہر تھے، ابھی وہ critical position میں ہیں تو یہ ڈمپر کا

معاملہ بہت دفعہ House میں discuss ہو چکا ہے لیکن اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔

اس ایوان کے توسط سے میری آپ سے گزارش ہے کہ ایسے جو پہلے rules تھے کہ رات 12 بجے کے بعد heavy vehicles باہر آئیں گی،اس پر عمل درآمد نہیں ہورہا۔ اس سے پہلے کراچی میں حادثہ ہو چکا ہے جس سے پوری فیملی جس میں ایک حاملہ خاتون تھی، جس کا بچہ وہیں پر پیدا ہو گیا اور بہت بری حالت میں ان کا انتقال ہوا۔ کراچی کب تک ایسے حادثات کو بھگتتا رہے گا؟ جب تک اس معاملے پر کوئی کارروائی نہیں ہو گی،اسی طرح یہ حادثات ہوتے رہیں گے۔ میری گزارش ہے اس ایوان کے توسط سے کہ خدارا! اس پر بہت توجہ دیجیے۔ کون اتنے مضبوط، ڈمپر مافیا کے لوگ ہیں جن کو support حاصل ہے جو کسی بھی بات پر عمل درآمد کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ کراچی کے شہری اس بات پر بہت زیادہ غصے میں ہیں اور آپ لوگوں کی توجہ چاہتے ہیں۔ ہم ان کی آواز بن کر یہاں پر بولتے ہیں لیکن ہماری شنوائی نہیں ہوتی۔ اس لیے آپ سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں آپ سندھ حکومت کو پابند کریں کہ ڈمپر گاڑیوں کا وقت مقرر کیا جائے کہ ایسے وقت میں ڈمپر گاڑیاں نہ نکلیں جب عام شہری اپنی routine پر چل رہے ہوتے ہیں۔ پھر ان ڈمپر گاڑیوں کے ڈرائیورز کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاتا۔ کون لوگ ہیں جو کھڑے ہو جاتے ہیں کہ ڈمپر کے ڈرائیور کو گرفتار نہیں کیا جائے گا۔ جناب چیئرمین! آپ سے میری گزارش ہے کہ اس سلسلے میں کوئی کارروائی ضرور کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا point آگیا۔ وقار مہدی صاحب سے میری گزارش ہو گی کہ اس حوالے سے سندھ حکومت سے بات کریں۔ ایک ذمہ داری آپ کے پاس رہی ہے۔ معزز سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ کو مطمئن کیا جائے۔ جی وقار مہدی صاحب۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ نے بالکل صحیح اس واقعے کی نشان دہی کی ہے۔ یہ واقعہ پرسوں رات کو تین بجے راشد منہاس روڈ پر پیش آیا تھا جس میں ایک خاتون اور اس کی بچی جاں بحق ہو گئی۔ ایک ڈمپر نے ان کو hit کیا اور یہ واقعہ ہو گیا۔ حکومت سندھ نے اور خاص طور پر وزیراعلیٰ صاحب نے اس کا نوٹس بھی لیا ہے اور آئی جی، پولیس سندھ

سے رپورٹ بھی طلب کی ہے۔ ڈمپر ڈرائیور بھاگ گیاہے،اس کی تلاش بھی جاری ہے۔ ان شاءاللہ، ہماری پوری کوشش ہے کہ وہاں پر ایسے واقعات کا سد باب کیا جائے۔ پچھلے دنوں میں بھی اس قسم کے ٹریفک حادثات ہو چکے ہیں۔ ہماری پوری کوشش ہے کہ traffic کے rules and timing کے مطابق چلیں لیکن بعض cases میں ڈمپرز کو وہاں پر allow کیا گیا ہے کیونکہ building materials اور کچرارات کو اٹھایا جاتا ہے۔ ہم نے ٹریفک پولیس کو بھی ہدایت کی ہے ایسے traffic violation کرنے والوں پر نظر رکھیں اور خاص طور پر heavy traffic پر۔ میں سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ کی بات کو حکومت سندھ تک پہنچاؤں گا۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ اس کا ازالہ کر سکیں اور اس خاندان کو انصاف مل سکے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب دوبارہ بجٹ پر بحث کے حوالے سے آرڈر نمبر ۱۱ پر آتے ہیں۔ جی سینیٹر جان محمد بلیدی صاحب۔

## Further discussion on the Finance Bill, 2025-26

**Senator Jan Muhammad**

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے بجٹ کے حوالے سے مجھے وقت دیا لیکن بجٹ پر آنے سے پہلے میری یہ گزارش ہے کہ اس وقت ہمارا ریجن انتہائی شدید مشکلات اور مسائل میں پڑا ہے۔ اسرائیلی جارحیت جس کی پشت پناہی امریکہ کر رہا ہے۔ وہ ایران پر چڑھ دوڑا ہے۔ایرانی عوام اور ایرانی ادارے اس کے نشانے پر ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ ایرانی لیڈرشپ، فوجی لیڈرشپ اور سائنسدان، سب اس کے نشانے پر آگئے ہیں لیکن دنیا اس پر کوئی خاطر خواہ دباؤ ڈالنے میں ناکام رہا ہے کہ امریکہ کو pressurize کریں کہ یہ جو اس نے اسرائیل پالا ہوا ہے، کبھی وہ غزہ کے بچوں اور خواتین پر چڑھ دوڑتا ہے، ان کے گھروں کو مسمار کرتا ہے، بچوں کو مارتا ہے، ہسپتالوں کو تباہ کرتا ہے۔ آج وہ ایران کو تباہ کرنے پر تلا ہے۔ شام، لبنان اور بیروت کو برباد کرنے کے بعد ان کا یہ فیصلہ ہے کہ ایران کو بھی نیست و نابود کریں گے۔

تعجب کی بات یہ ہے کہ امریکی صدر بار بار یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے،اس کا ایک ہی راستہ وہ سمجھتے ہیں، وہ ایرانی حکومت پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور اپنا مخصوص ٹولہ بٹھانا چاہتے ہیں۔ یہ تجربہ پہلے بھی ایران میں ہوا ہے جس کے منفی نتائج آئے ہیں۔آپ نے دیکھا کہ مصدق

کی حکومت کو ختم کرنے میں بھی اسی طرح کاحربہ استعمال کیاگیا۔ یہ nuclear powerاورایٹمی جنگ کاحربہ عراق کے خلاف بھی استعمال کیا گیا۔ وہاں پر بھی یہ ناکام ہوا۔ پوری تباہی کے بعد یہ بات سامنےآ گئی کہ وہاں پر نہ کوئی nuclear bomb تھا اور نہ اس طرح کی بات تھی۔ آج آپ دیکھیں کہ وہ تمام nuclear plants نشانے پر ہیں، وہ اس لیے نشانے پر ہیں،وہ چاہتے ہیں کہ وہاں نقصان ہو کر پورے ایران کو تباہ وبر باد کیا جائے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح کی افسوس ناک صورت حال میں پاکستان کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگااوراس جنگ کو روکنے کے لیے جس قدر وہ اپنی سفارتی کوششیں کر سکتاہے،اس کو کرنے کی ضرورت ہے۔ بات آئی پاک بھارت تنازع پر،اس وقت بھی ہم نے کوشش کی کہ ہمیں اس پر بولنے دیا جائے لیکن ہمیں بولنے نہیں دیا گیا۔ بھارت نے پاکستان کے خلاف جو ریشہ دوانیاں کیں،اسے ناکامی ہوئی اور وہ ناکامی فوجی حوالے سے بھی ہوئی اور وہ ناکامی سفارتی حوالے سے بھی ہوئی۔ سفارتی ناکامی کے بعد ہمیں اس پر مزید سنجیدگی اختیار کرنی ہوگی کیونکہ اس کامیابی کے بعد آج ہم جس طرح کی صورت حال کررہے ہیں پوری دنیا میں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ دنیا میں diplomacy بیان بازی سے نہیں ہوتی،دنیامیں diplomacy بہتر حکمت عملی،بہتر سفارتی کوششیں اور بہتر سفارتی تعلقات کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ اگر پاکستان یہ سمجھتا ہے کہ اس کے سفارتی عمل میں اس کا سفارتی ادارہ کمزور ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ مزید لوگوں کو وزارت خارجہ میں لے تاکہ وہ اس عمل کو زیادہ بہتر انداز میں آگے کی طرف لے جائیں۔ پاکستان کو جو کامیابی ملی ہے،آج آپ نے دیکھا کہ دنیانے یہ تسلیم کرلیا۔ بڑی عزت اور احترام پاکستان کو مل رہی ہے تو پاکستان کو چاہیے کہ وہ جس جنگ سے بچنے کے لیے،جس حکمت عملی سے بچنے کے لیے یاconflict سے بچنے کے لیے جتنی سفارتی کوششیں پاکستان نے کی ہیں،انہیں مزید بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں دنیامیں جتنی کامیابی ملی ہے، پاکستان سرخرو ہوا ہے، میرے خیال میں پاکستان کو چاہیے کہ وہ دنیا میں یہ باور کرائے کہ وہ جنگ نہیں چاہتا،وہ امن کی بات کرتا ہےاور وہ معاملات کو سیاست کی بنیاد پر میز پر بیٹھ کر حل کرنے کی بات کرتا ہےاور میرے خیال میں یہی فارمولا، ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات جاری تھے کہ اسرائیل نے اس پورے مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کیااور اس پورے خطے میں آگ لگادی ہےاور ہم سب اس سے پریشان ہیں کیونکہ اس سے ہمارا پورا خطہ متاثر ہوگا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بجٹ پر بھی آ جائیں۔

سینیٹر جان محمد: بجٹ پر ہی ساری باتیں ہوتی ہیں بھئی۔ بجٹ کے معنی یہ نہیں ہیں کہ دو دو، چار چار، جو ہوا ہے۔ بجٹ پر جو باتیں ہوئی ہیں، خاص طور پر پیپلز پارٹی کی لیڈرشپ نے کی ہیں، وہ بہت ہی مناسب باتیں کی ہیں لیکن صرف تنقید اور بجٹ کی خامیوں اور کمزوریوں پر پیپلز پارٹی نے جتنی بات کی ہے، اگر یہی stand وہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اسے بہتر کرنے کے حوالے سے اپنی طاقت بھی استعمال کریں تو بجٹ بالکل ٹھیک ہوگا۔ بجٹ میں جہاں میں سمجھتا ہوں کہ کمزوری ہے، وہ یہ ہے کہ ملک میں جو conflicts ہیں۔

جو مسائل ہیں ان کو کس طرح اس بجٹ میں جگہ دی گئی ہے۔ میں نے Budget Book پوری دیکھی ہے۔ چونکہ میرا تعلق بلوچستان سے ہے اور ہم سینیٹ میں بلوچستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس Federation میں ہمیں بلوچستان نے بھیجا ہے کہ وفاق میں بلوچستان کے حصے کو کس طرح دیکھا جاتا ہے، اس کا کس قدر خیال رکھا جاتا ہے۔ بلوچستان آج ایک conflict position میں ہے، اس conflict position میں جہاں روزانہ آپ نے دیکھا، ابھی جعفر ایکسپریس کا واقعہ ہوا اور بھی بہت سے گھمبیر واقعات ہوئے لیکن آپ کو حیرانگی ہوگی کہ اس بجٹ کو آپ اٹھا کر دیکھیں بلوچستان میں جو insurgency ہے، جو مشکلات ہیں اس پر آپ کو کسی قسم کی توجہ نظر نہیں آئے گی۔ پورے بجٹ کو آپ باریکی سے دیکھیں، بلوچستان کے مسئلے کو کہیں بھی appeal نہیں کی گئی ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Falak Naz Sahiba, please order in the House.

سینیٹر جان محمد: بلوچستان کے issues کو کہیں بھی address کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ بلوچستان میں ایک گھمبیر صورت حال ہے، اس گھمبیر صورت حال کو address کرنے کے لیے ایک plan ہونا چاہیے۔ ہمارے پاس ایک plan پہلے تھا آغاز حقوق بلوچستان جس پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ پیپلز پارٹی کی حکومت میں جب بلوچستان میں صورت حال گھمبیر تھی تو انہوں نے ان معاملات کو حل کرنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی اور ان کے سفارشات ہوئے اور وہ سفارشات Floor پر آئے۔ اس دوران ہم سوچ رہے تھے کہ جو بلوچستان کی گھمبیر صورت حال میں، ان مشکلات میں دانش مندی کا مظاہرہ کیا جائے گا اور ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی بلوچستان کے کیا

grievances ہیں، بلوچستان میں کیا مشکلات ہیں، بلوچستان کے نوجوان کیوں ناراض ہیں، بلوچستان میں تعلیمی مسائل کیا ہیں اور بلوچستان میں روزگار کے مسائل کیا ہیں۔

بلوچستان کی جو صوبائی حکومت ہے وہ ایک corruption کا انبار بنا ہوا ہے۔ آپ دیکھیں وہاں کوئی کام نہیں ہو رہا ہے، آپ حیران ہوں گے یہاں سے جو بجٹ کے پیسے جاتے ہیں بلوچستان کا P&D اور Finance بغیر رشوت کے ان پیسوں کو جاری نہیں کرتا جن جن کو بھی آپ دیکھیں SDG's سے پیسے ملے ہیں ان پیسوں کو P&D میں بھی release کرنے کے لیے پیسے دینے پڑے اور Finance میں بھی release کرنے کے لیے پیسے دینے پڑے۔ بلوچستان کی اس صورت حال میں بلوچستان کے مسائل کو اس بجٹ میں کہیں آپ نے نہیں دیکھا کہ اس کو اپنے سامنے رکھا گیا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم آغاز حقوق بلوچستان کے طور پر جس طرح کہ اس کا phase-1 ہوا، ہمیں چاہیے کہ ہم اس کا phase-2 بنائیں اور معاشی اصلاحات کی طرف جائیں۔ دیکھیں بلوچستان میں جب تک آپ معاشی اصلاحات نہیں کریں گے، لوگوں کے بنیادی genuine مسائل ہیں ان کو حل کرنے کی طرف نہیں جائیں گے تو یہ معاملات حل نہیں ہوں گے اور ساتھ میں آپ کو سیاسی اصلاحات بھی کرنی پڑیں گی، جس طرح بلوچستان کی political parties کا جو political space ہے اس کو ختم کر دیا گیا ہے اس کو بھی بحال کرنا ہوگا۔

میں کہتا ہوں بلوچستان اس وقت سب سے مشکل صورت حال میں ہے۔ پاکستان میں جو مسائل پنجاب کے ہیں، جو سندھ کے ہیں، جو خیبر پختونخوا کے ہیں، اس وقت سب سے زیادہ متاثر علاقے جو ہیں، وہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان ہیں لیکن اس بجٹ میں آپ کو حیرانی ہوگی کہ نئے projects کو دیکھیں آپ کو کہیں نیا project نظر نہیں آئے گا اور وہ projects ہیں جو already صوبائی حکومت نے propose کئے ہیں، انہی projects کو اپنایا گیا ہے۔ اگر Federal Government نے بھی یہی کرنا ہے۔ صوبوں کو NFC دینے کے بعد اگر ایک fund ہے آپ کے پاس، پیسے ہیں بلوچستان کو دینے کے لیے، آپ کے پاس پیسے ہیں خیبر پختونخوا کو دینے کے لیے، تو آپ کو چاہیے کہ آپ جو نمائندگی بلوچستان کی، خیبر پختونخوا کی، پنجاب کی یا سندھ کی جو سینیٹ میں کر رہے ہیں، جو قومی اسمبلی میں کر رہے ہیں ان کو اعتماد میں لے کر کریں ناں، صوبائی حکومتیں جو کام کر رہی ہیں آپ اسی کام کو یہاں کرنے کی کوشش کریں گے تو اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے

گا اور عجیب بات یہ ہے کہ بلوچستان کے projects کے لیے آپ نے تو پیسے رکھے ہیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ بلوچستان کے projects میں PSDP میں ایسے projects ہیں جو 2010 میں شروع ہوئے یعنی 15 سال ہو گئے ہیں۔ 25 million رکھے ہوئے تھے اور ابھی تک آپ نے گوادر میں 25 million خرچ نہیں کیا ہے اور آپ اس project کو مزید آگے کی طرف بڑھانا چاہ رہے ہو، بڑھاتے جا رہے ہیں۔ تو کب آپ اس کو complete کرو گے؟ آپ حیران ہوں گے کہ ایسے project ہیں جو تین تین سال تک اس پر صرف بارہ کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں۔ ایک project ہے جس پر صرف تین سال میں پینتیس کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں اور 14, 14 billion کے projects ہیں۔ بنیادی طور پر، آپ بلوچستان کے مسائل کو الجھانے کی کوشش کر رہے ہیں، آپ مسئلوں کو حل کرنے کی کوشش نہیں کر رہے ہیں۔ جو مسائل ہیں، جو مشکلات ہیں جو کام ہونا ہے وہ آپ نے pending میں رکھ دیئے ہیں۔ بلوچستان میں جتنے بھی roads ہیں، جتنے بھی highways ہیں، آپ نے جتنے بھی پیسے رکھے ہیں وہ ایک سال کے بعد as it is اسی کو دوبارہ آپ نے رکھنا ہے۔

اگر آپ یہ سلسلہ اسی طرح کریں گے تو بلوچستان سے آپ کوئی اچھائی کی امید نہ رکھیں اور آپ بلوچستان کو اسی طرح لینا چاہتے ہیں؟ آپ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کے لوگوں کی تعداد کم ہے، قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نمائندگی نہ ہونے کے برابر ہے، سینیٹ کی آواز کوئی سننے کو تیار نہیں ہے۔ اس صورت حال میں اس کا جو نتیجہ ہے وہ یہی ہے، جو بلوچستان میں آپ کو نظر آ رہا ہے۔ آپ بلوچستان کو قومی اسمبلی میں نظر انداز کر سکتے ہو، آپ بلوچستان کو سینیٹ میں نظر انداز کر سکتے ہو لیکن بلوچستان میں جو reaction ہے اس کو آپ نظر انداز نہیں کر سکتے ہو۔

تو میری یہ گزارش ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے ابھی تک کوئی سنجیدہ کوشش نہیں ہوئی اور وفاقی حکومت کو اس مشکل صورت حال میں بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے، بلوچستان میں جاری insurgency کو روکنے کے لیے اقدامات کرنے چاہیے۔ بلوچستان اور فاٹا کے لیے آپ نے پیسے بھی رکھے ہوئے ہیں مگر بچوں کو scholarships دینے کو کوئی تیار نہیں ہے، بلوچستان کے نوجوان طلبا کو scholarships دینے کے لیے تیار نہیں ہے، لہٰذا میری یہ گزارش ہے کہ بلوچستان کے معاملات کو سنجیدہ لیں۔ بلوچستان میں جو jobs صوبائی حکومت دے رہی ہے،

ان کی کوشش ہے کہ merit پر نہ ہوں۔ صوبائی حکومت میں ابھی جو team ہے، جو لوگ صوبے میں حکومت کر رہے ہیں ان کی کوشش ہے کہ merit ان کی مرضی کے ہوں، اقربا پروری ہو جس کو چاہیں اس کو لگائیں، باقی merit نہ ہو۔ اگر آپ نے بلوچستان کو ٹھیک کرنا ہے تو آپ کو merit پر Jobs دینی ہوں گی، آپ کو بلوچستان کے جو projects ہیں وہ projects لانے ہوں گے جو اس وقت بلوچستان کی عوام کی ضرورت ہے۔

بلوچستان میں خاص طور پر دو سے تین ایسی چیزیں ہیں ان کو آپ نے appeal کرنا ہو گا۔ Education بلوچستان میں سب سے اہم ہے، بلوچستان میں education کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے، بلوچستان میں Health کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے، بلوچستان میں Agriculture کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے، Irrigation کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے، Mines & Minerals کو ٹھیک کرنا ہو گا۔ یہ SIFC کچھ نہیں کرے گا، انہوں نے جتنے بھی کام کیے ہیں ایک project نیا نہیں آیا ہے، نہ کوئی بہتری ہو رہی ہے۔ آپ جب تک بنیادی معاملات کو، Livestock کو، Forests کو بہتر کرنے کے لیے بلوچستان میں اقدامات نہیں کریں گے کچھ نہیں ہو گا اور بلوچستان کی حکومت سے خیر کی توقع نہ کریں، وہاں جو کچھ ہو رہا ہے وہ خوف ناک ہے۔ اس کا نتیجہ جو بعد میں آئے گا ہم سب کو بھگتنا ہو گا، پورے پاکستان کو بھگتنا ہو گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان معاملات میں بلوچستان ہمارے لیے اہم ہے۔ اسی لیے

ہم پھر یہ بات کہتے ہیں کہ بلوچستان کو سنجیدہ لیں، بلوچستان کے معاملات کو سنجیدہ لیں، بلوچستان میں خراب صورت حال کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کریں۔ دیکھیں سنجیدگی سامنے تو آئے، اس بجٹ سے تو ہمیں کوئی بھی بات سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ واقعتاً بلوچستان کے معاملات کو ٹھیک کرنے کے لیے وفاقی حکومت یا وفاقی ادارے سنجیدہ ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، وزیر برائے قانون، اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justices**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف): جناب چیئرمین! میں نہیں چاہتا تھا کہ اس درمیان کوئی بات کروں کیونکہ بجٹ پر تقاریر جاری ہیں۔ سینیٹر علی ظفر صاحب نے notes

کے بارے میں کہا ہے تو بالکل! Ministry of Financeکے officials روزانہ بیٹھتے ہیں اور وہ روزانہ share کرتے ہیں، آپ کی inputs committees میں بھی جا رہی ہیں۔ کل Minister for Finance winding up کریں گے۔ ان شاءاللہ یہ conclude ہو جائے گی۔ سینیٹر جان بلیدی صاحب نے بلوچستان کی بات کی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: انہوں نے بہت سنجیدہ سوالات اٹھائے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی بہت سنجیدہ سوالات ہیں۔ میں حکومت کی طرف سے یہ یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ جب بھی صوبائی حکومتوں یا صوبائی منصوبوں کا ذکر ہوتا ہے تو بلوچستان وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی priority number one ہوتی ہے۔ آپ نے کہا کہ بچوں کی تعلیم اور scholarships کے لیے تو اگر آپ budget document کو ملاحظہ فرمائیں تو وزیر اعظم صاحب کو جو تھوڑی بہت discretionary grant allocate ہوتی ہے، اس سے بڑھ کر بھی وہ کسی نہ کسی طرح بلوچستان کے لیے ساری چیزیں کرتے ہیں۔ چار دانش سکول جو صرف غریبوں کے بچوں کے لیے ہوں گے، کچھ دانش سکول پہلے سے بنے ہوئے ہیں، وہاں ایک criterion رکھا گیا ہے۔ ایک سکول تقریباً تین ارب روپے میں تیار ہوتا ہے، full board ہوتا ہے، اعلیٰ ترین معیار تعلیم Aitchison College level کا ہوتا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے بلوچستان کے مختلف علاقوں کے لیے چار سکول اسی لیے دیے ہیں اور وہ اس پر ہر مہینے meeting کر رہے ہیں۔ انہوں نے بلوچستان کی صوبائی حکومت کو بھی on-board لے رکھا ہے۔ اسی طرح جب PDL کا فیصلہ ہوا، اس پر ٹیکس پورے ملک سے اکٹھا ہونا ہے لیکن وزیر اعظم نے کہا کہ میں بلوچستان کو یہ سہولت دینا چاہتا ہوں کہ جو خونی سڑک کا معاملہ ہے، جسے یہاں کئی مرتبہ raise کیا گیا، وہ ساری کی ساری رقم اس کے لیے divert کر دی گئی ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: حامد خان صاحب! آپ کا list میں نام ہے، آپ بات کریں گے؟ جی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس لیے ان شاءاللہ یہ ساری چیزیں، solarization of tube wells ہیں، اس پر بھی وزیر اعظم صاحب نے اپنا special package دیا ہے اور وہ

ہر لمحہ تیار رہتے ہیں۔ Sir, rest assure Balochistan ہم سب کے دل کے بہت قریب ہے، بلوچستان کے challenges بہت گھمبیر ہیں، وہ علاقہ بہت بڑا ہے۔ وہاں تعلیم کی کمی، روزگار کے مسائل، یہ تمام مسائل آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، لیکن ہماری نیت پر شک نہ کیجیے، وفاقی حکومت کے تئیں جو بن پاتا ہے، وہ کرتی ہے اور کرتی رہے گی۔ بلوچستان ہمارا حصہ ہے اور وہ ہمیں بہت عزیز ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کھیل داس کوہستانی صاحب! دنیش کمار صاحب نے کچھ نکات اٹھائے تھے، اس حوالے سے آپ بات کرنا چاہتے ہیں؟

جناب کھیل داس کوہستانی (وزیر مملکت برائے بین المذاہب ہم آہنگی): جناب چیئرمین! معزز سینیٹر دنیش کمار صاحب نے آج بات کی ہے، کل قومی اسمبلی میں ڈاکٹر درشن، ایم این اے نے بھی وہاں بات کی تھی۔ اعظم نذیر تارڑ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، وزیر مملکت برائے داخلہ بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ شہدادپور، سانگھڑ میں اٹھارہ تاریخ کو Hindu community کے ایک خاندان کی تین بیٹیوں اور ان کے ایک کزن کو kidnap کیا گیا۔ کل میری IG Sindh سے بات ہوئی، یہ حلقہ محترمہ شازیہ مری کا ہے، میں نے ان سے بھی گزارش کی، وزیراعلیٰ سندھ سے بات ہوئی۔ کل پولیس نے action لیا اور ان بچیوں کو بازیاب کروایا۔ یہ بچیاں پولیس کی custody میں تھیں، آج صبح شہدادپور، سانگھڑ عدالت میں انہیں پیش کیا گیا، ان کا 164 کا بیان ہوا ہے۔ جناب والا! یہ بدقسمتی ہے کہ forced conversion ہوتی ہے، یہ جو واقعہ ہوا ہے، ان حالات میں ہمارے دشمن کا میڈیا کل سے جو کر رہا ہے، سندھ میں کل سے احتجاج ہو رہا ہے، Hindu community میں بے چینی ہے، اس لیے ہمارا فرض بنتا ہے کہ اس معاملے کو address کیا جائے۔ 2020 میں اُس وقت کے وزیراعظم نے کاکڑ صاحب کی قیادت میں ایک joint Parliamentary Committee بنائی، اس نے کام بھی کیا لیکن آخر میں دباؤ آ جاتا ہے۔ جس طرح سندھ میں قانون بنانے کے لیے پیپلز پارٹی کی حکومت نے کوشش کی لیکن دباؤ کی وجہ سے وہ قانون واپس لیا گیا۔ ریاست پاکستان کی یہ policy نہیں ہے، ہمارا دشمن وہاں پر مسیحی اور سکھوں کے ساتھ جس طرح ظلم کر رہا ہے۔ آئین پاکستان تمام اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

جناب والا! دین جبر کی اجازت نہیں دیتا ہے، اسلام میں واضح ہے کہ جبر کی کوئی اجازت نہیں ہے۔ یہ معصوم بچیاں جو اٹھارہ سال سے کم عمر کی ہیں، انہیں ایک دن اٹھایا جاتا ہے جبکہ وہ دوسرے دن برآمد ہوتی ہیں اور تیسرے دن عدالت میں پیش ہوتی ہیں۔ وہاں کے جج صاحب نے hold کیا ہوا ہے۔ میاں نواز شریف اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ہمیشہ اقلیتوں کے تحفظ کی بات کرتے ہیں، ہمارا آئین کرتا ہے۔ میری وزیر قانون سے گزارش ہے کہ اس کے لیے قانون بننا چاہیے۔ میں وزیر قانون کا شکر گزار ہوں کہ Minority Commission جو وزارت مذہبی امور کے under تھا، اسے Human Rights میں لے کر آئے اور اس کے لیے قانون سازی کی، اس پر وزیر قانون نے بہت محنت کی ہے۔ اس سے ہمیں تحفظ فراہم ہوتا ہے، سینیٹر علی ظفر صاحب نے بھی support کی، تمام سینیٹرز نے support کی تھی۔ یہ Bill دونوں ایوانوں سے منظور ہو چکا ہے، صدر صاحب کے پاس hold ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Minority Commission بھی بننا چاہیے اور اس کے لیے action کی ضرورت ہے۔ میں وزیر مملکت برائے داخلہ سے بھی گزارش کروں گا کہ فوری طور پر سندھ حکومت سے رابطہ کیا جائے۔ جناب والا! میں سندھ جانے سے قاصر ہوں، جس طرح میری community احتجاج کر رہی ہے، وہ جس غم میں ہے تو ہم انہیں کیا جواب دیں۔ میری وزراء صاحبان سے گزارش ہے کہ اس پر فوری action لیا جائے۔ یہ بچیاں جو اٹھارہ سال سے کم ہیں، انہیں موقع دیا جائے، انہیں safe house میں رکھا جائے۔ ایک بارہ یا چودہ سال کی بچی اپنے والدین سے جدا ہونے کا اور conversion کا فیصلہ کس طرح کر سکتی ہے؟ یہ زبردستی ہو رہا ہے، جب دین اجازت نہیں دیتا، آئین اجازت نہیں دیتا تو یہ کون لوگ ہیں جو ہم سے اس طرح کی زیادتی کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! سینیٹر دنیش کمار صاحب نے ایک سنگین معاملے کی طرف توجہ مبذول کروائی ہے، میں بطور وزیر برائے انسانی حقوق اس معاملے پر کام کر رہا ہوں اور ہم communities کے ساتھ متواتر رابطے میں بھی رہتے ہیں۔ سندھ سے ہمارے اتحادی پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھی ہیں، اس پر پیپلز پارٹی کی بھی بڑی واضح policy ہے اور انہوں نے ہمیشہ progressive and liberal approach کے ساتھ ان issues کو دیکھا ہے۔ جناب

والا! Commission for Rights of Minorities کی جو بات کی گئی، دونوں ایوانوں نے اسے pass کیا ہے اور میں اپنے اقلیتی بھائیوں کے لیے یہ ضرور عرض کروں گا کہ ہم نے اس میں provisions رکھی ہیں، ,Quasi-jidicial نیم عدالتی provisions ہیں اور وہ headed by minority members ہوں گے، اس کے chairperson مرد یا خاتون ہوں گے اور اسے یہ اختیارات دیے ہیں کہ وہ اس معاملے میں بھی خود quasi-judicial functions discharge یعنی وہ inquiries کر سکتے ہیں، direction دے سکتے ہیں اور ان کی حکم عدولی پر بھی penal consequences ہیں۔

جس معاملے کی طرف توجہ دلوائی گئی ہے، we are in contact with Sindh Government and relevant authorities. اس بارے میں مرکز کی طرف سے کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہو گی۔ سندھ نے ویسے ہی ایک بڑا progressive step لیتے ہوئے کئی سال پہلے Child Marriage Restraint Act pass کر رکھا ہے and rest assure that below 18 years وہاں شادی ویسے ہی register نہیں ہو سکتی۔ میرے seniors بیٹھے ہوئے ہیں، میں خاص طور پر وقار مہدی صاحب سے بھی عرض کروں گا کہ وہ دنیش کمار صاحب کے ساتھ contact کرکے انہیں تازہ ترین صورت حال کا بتائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے آپ کی غیر موجودگی میں بھی وقار مہدی صاحب کو direction دی ہے، دنیش کمار صاحب کو بھی۔ ابھی وزیر داخلہ بھی موجود ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری صاحب موجود ہیں، یہ بھی اس معاملے پر آپ کو update دیں گے۔

ہم ہر طرح کی support یعنی جہاں قانونی طور پر وفاقی حکومت اپنا کردار ادا کر سکتی ہے، ہم ضرور کریں گے and rest assured کہ سب ٹھیک ہو گا۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز جمعہ کی اذان سنائی دی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جَلَّ جَلالُہٗ۔ اس پر میرے خیال میں وزیر قانون صاحب نے، منسٹر کھیل داس صاحب نے، دنیش صاحب نے، اس پر سندھو صاحب نے بھی بات کی، وقار مہدی صاحب اور وزیر داخلہ نے بھی اس پر مزید بات کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: میں تارڑ صاحب کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے Rights of Minority Commission کے لیے بہت زیادہ اور ان تھک محنت کی اور جس انداز سے ہم تمام سینیٹ اور قومی اسمبلی کے ممبران کو اعتماد میں لے کر ایک بہترین بل پیش کیا مگر جناب، مجھے تھوڑا سا افسوس ہے۔ یہ بل دونوں ایوانوں سے منظور تو ہو گیا ہے لیکن ابھی تک President House میں پڑا ہوا ہے جس پر میں تو حیران ہوں۔ میں نے اپنے پیپلز پارٹی کے دوست جناب پونجو بھیل سے بھی کہا تھا کہ اس پر پاکستان پیپلز پارٹی اور باقی تمام پارٹیاں بھی راضی تھیں تو اب کیا وجہ ہو گئی ہے۔ مجھے لگ رہا ہے کہ یہ وہاں سے واپس آ جائے گا۔ جناب، اگر یہ واپس آ گیا تو اس کا تمام blame پاکستان پیپلز پارٹی پر جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔

سینیٹر دنیش کمار: جی جناب، میں بتا رہا ہوں اور میں کہتا ہوں کہ اس پر notice لیں تا کہ یہ جو ہمارا بہت اچھا بل ہے وہ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، اس پر بہت بحث ہو چکی ہے۔ جب یہ واپس آئے گا تو پھر اس پر بات ہو گی۔ جی، اس پر کافی بات ہو چکی ہے اور اس پر ہم مزید بات نہیں کریں گے۔ ابھی جمعہ کی نماز کا بھی وقت ہو چکا ہے۔ ایوان کی کارروائی مورخہ 21 جون 2025 بروز ہفتہ ساڑھے بارہ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔ شکریہ۔

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Saturday, 21st June, 2025 at 12:30 am.]*

-------------------